2 فروری 2023

# برامپٹن کے رہائشیوں اور کاروباروں کو سٹی کے 2023 بجٹ کے حوالے سے اپنی آراء اور قیمتی خیالات پیش کرنے کے لیے مدعو کیا جا رہا ہے

برامپٹن، آن – سٹی آف برامپٹن اپنے 2023 کے بجٹ کو عوامی امنگوں کے مطابق ڈھالنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے رہائشیوں، کمیونٹی گروپس اور کاروباری مالکان سے ان کی رائے، خیالات اور آراء طلب کر رہا ہے۔

عوام الناس کو بجٹ کے پورے عمل میں حصہ لینے کے لیے مدعو کیا جا رہا ہے، جس کے لیے سٹی ٹیلی فون ٹاؤن ہالز، ہر وارڈ میں غیر رسمی بات چیت اور کاروباری گول میز بحث مباحثہ کا ایک سلسلہ منعقد کر رہا ہے۔

**ابھی رجسٹر کریں: بجٹ ٹیلی ٹاؤن ہال #1 - 7 فروری**

بجٹ چیئر، جناب میئر پیٹرک براؤن اور وائس چیئر، کونسلر جناب پال ویسینٹ، بروز منگل، مورخہ 7 فروری، 2023 کو شام 7 بجے سے 8:30 تک بجٹ 2023 کے ٹیلی فون ٹاؤن ہال کی میزبانی کریں گے۔

کال موصول کرنے اور سننے کے لیے سائن اپ کرنے کے لیے، براہ کرم یہاں کلک کریں۔ ہمارے رہائشی آن لائن طور پر یہاں بھی سن سکتے ہیں۔

شرکاء کو اپنی کمیونٹی کی ترجیحات کا اشتراک کرنے، سٹی کے عملے سے سوالات پوچھنے اور میئر اور کونسلرز کے 2023 کے بجٹ کے لیے کام کرنے کے دوران اپنے خیالات پیش کرنے کا موقع ملے گا۔

**تاریخوں کو محفوظ کر لیں**

2023 کے بجٹ کے عمل میں شامل ہونے کے مزید مواقع میں درج ذیل شامل ہیں:

- وارڈ کافی چیٹس - 17، 20 اور 21 فروری 2023
- ورچوئل بزنس گول میز – 23 فروری 2023 صبح 8 بجے
- ٹیلی فون ٹاؤن ہال #2 - 25 فروری 2023 دوپہر 12 بجے

ورچوئل لنکس، اوقات اور مقامات کے بارے میں مزید کی تفصیلات www.brampton.ca/budget اور سٹی آف برامپٹن کے ٹویٹر، فیس بک اور انسٹاگرام کاؤنٹس پر دستیاب کرائی جائیں گی۔

**بجٹ 2023 ٹائم لائن**

مجوزہ بجٹ کو بروز بدھ، مورخہ 15 فروری کو سٹی کی ویب سائٹ پر پوسٹ کر دیا جائے گا۔

27 فروری 2023 کو اس پر بحث مباحثہ کا آغاز ہو گا اور بجٹ کی منظوری 8 مارچ 2023 کو دی جائے گی۔

سٹی آف برامپٹن کا سالانہ بجٹ، سٹی کی ترجیحات، اہداف اور اقدامات کی عکاسی کرتا ہے، جو وسائل کے اچھے استعمال کو یقینی بناتے ہیں اور ہمارے اسٹریٹجک پلان کو عملی جامہ پہناتے ہیں اور اس کی بھرپور توجہ اس بات پر مرکوز ہوتی ہے کہ ہمارے رہائشیوں کے لیے کیا اہم ہے۔

سٹی آف برامپٹن کے 2023 بجٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.brampton.ca/budget

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca